© rasailojaraid.com

# تعارف و تبصرہ

**اسلام میں مرتد کی سزا :**

**(PUNISHMENT OF APOSTASY IN ISLAM)**

مصنفہ : شیخ عبدالرحمن، سابق چیف جج پاکستان

زبان انگریزی، حجم ۱۴۴ صفحات، قیمت بارہ روپے

ناشر : ادارۂ ثقافت اسلامیہ، کلب روڈ، لاھور

شیخ عبد الرحمن صاحب ھمارے ملک کے جانے پہچانے اور مشہور آدمی ھیں، یہ قدیم آئی سی ایس ھیں، اور اعلی ترین عدالتی عہدوں پر فائز رہ چکے ھیں ۔ وہ ھمارے ملک کی سب سے بڑی عدالت کے سب سے بڑے جج بھی رہے ھیں۔ یہ کتاب انھوں نے عیسائیوں کے اس الزام کے جواب میں لکھی ھے کہ اسلام میں آزادی مذھب نہیں ھے اور مرتد کی سزا قتل دی جاتی ھے ۔ انھوں نے تعارف کتاب میں عیسائی مبلغین کے اس الزام کا ذکر بھی کیا ھے ۔ اس الزام کا جواب انھوں نے یہ دیا ھے کہ ''اسلام میں مرتد کی سزا قتل نہیں ھے،، اس جواب کے لئے انھوں نے ایک اچھے وکیل صفائی کا انداز اختیار کیا ھے ۔ جب آپ کوئی بات ثابت کرنا ھی چاھیں تو لازماً ایسے دلائل مہیا کریں گے جو آپ کے دعوے کو ثابت کردیں ۔ یہی حالت اس کتاب کی ھے ۔

اس پر ایک تبصرہ ادارے کے انگریزی رسالہ اسلامک اسٹڈیز بابت دسمبر ۱۹۷۲ء میں شایع ھو چکا ھے ۔ اور یہ کتاب ھے بھی انگریزی میں اس لئے اس پر تبصرہ بھی انگریزی رسالہ ھی میں مناسب تھا ۔

(شرف الدین اصلاحی)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## معرکۂ ایمان و مادیت

مولانا سید ابوالحسن علی ندوی

ترجمہ مولانا محمد الحسنی

ناشر ملک برادرز تاجران و ناشران کتب، کارخانہ بازار، لائل پور

صفحات ۱۴۰ قیمت چھ روپے

برصغیر پاک و ہند کے مشہور مبلغ و عالم مولانا سید ابو الحسن علی ندوی نے دور حاضر کے اکتشافات کے پیش نظر سورۂ کہف کی تفسیر ''الصراع بین الایمان و المادیۃ'' کے نام سے لکھی، جس کو دارالقلم، کویت نے شایع کیا، مصنف کی اکثر عربی کتابوں کی طرح ان کے برادر زادہ مولوی محمد الحسنی، مدیر البعث الاسلامی، لکھنؤ، نے اس کتاب کا اردو ترجمہ کیا۔

عصر حاضر میں جو فتنے رونما ہوئے ہیں، اور جو مادی ترقیاں حاصل کی گئی ہیں ان کے پیش نظر سورۂ کہف کی تفسیر اس طرح لکھی گئی ہے کہ عقیدہ و ایمان کی حقیقت واضح ہوجاتی ہے، اور دجال کی شخصیت پر بھی کافی روشنی پڑتی ہے۔ اس سورہ میں چار قصے مذکور ہیں، جو درحقیقت تاریخی واقعات ہیں، اور ان سے نہایت مفید سبق ہمیں ملتا ہے۔ مضامین کتاب نہایت ایمان افروز اور اہل علم و طلبا کے لئے تشفی بخش ہیں۔

اس بیش بہا علمی اشاعت پر ناشران و تاجران کتب، کارخانہ بازار لایق تحسین و مبارکباد ہیں۔

(صغیر حسن معصومی)

---

## طب نبوی

مرتب: حافظ نذر احمد صاحب۔

صفحات: ۲۴۰ - قیمت: ساڑھے چار روپے۔

ناشر: مسلم اکاڈمی، نذر منزل ۱۸ - ۲۹ محمد نگر لاہور۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وحی الہی کا اتباع کرتے ہوئے

© rasailojaraid.com